© rasailojaraid.com

آسنے والا فوکر طیارہ کرب و الم، غم و حم۔ درددں اور دکھوں کی تعداد لا انتہا میں کھو گیا۔ ہفتہ ہوگیا تلاش کرتے کرتے مگر اُن کا نشان نہ زمین پر نہ بادلوں میں۔ ہاں صرف نگاہوں اور دلوں میں وہ بھی صرف اپنوں کے زخمی دلوں میں۔

انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔ طفل تسلیوں، نجومیوں اور کاہنوں کی کافرانہ ہرزہ سرائیوں سے بھی اس وادی میں کھو جانے والوں کا کبھی سراغ ملا؟ منھا خلقنٰکم وفیھا نعیدکم ہم نے تمہیں اسی میں سے پیدا کیا اور تمہیں اسی میں لوٹا دیں گے! لوٹ کر جانے والو تم پر تمہارے ایمانوں اور عمل صالح کے عوض رحمت کی بارش ہو۔ تم مغفرت کے بحر ذخار میں غوطے لگاؤ اور بعد میں آنے والوں کو بشارتیں بانٹو! تم جہاں گئے ہو یقیناً تمہیں وہاں سے پیدا کیا گیا تھا اور اب تم آسودۂ خاک ہو۔ نَم بالھناء نَم بالھناء نَم بالھنا

تم دلہنوں کی مانند سو جاؤ

## جو "میاں" صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں، وہ اس قابل نہیں کہ اُسے مُنہ بھی لگایا جائے

جو نام نہاد مسلمان نبوت کے اِن ڈاکوؤں سے حُسنِ سلوک کے قائل ہیں یا ان سے رواداری پر عامل ہیں وہ حرماں نصیب روزِ محشر شفیعِ اُمت حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا مُنہ لے کر جائیں گے۔ جو "میاں" صلی اللہ علیہ وسلم کا نہیں، وہ اس قابل نہیں کہ اُسے مُنہ بھی لگایا جائے۔ نبیِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منصبِ عالیہ پر ڈاکہ ڈالنے والا مسیلمہ کذاب کی طرح آج بھی واجبُ القتل ہے۔ اِرتداد ایک ایسا جُرم ہے جس کی معافی اِسلام میں کہیں نہیں۔ "مرزا" اور اُس کے ماننے والے — **دجّال ○ کذّاب ○ مُرتد ○ واجبُ القتل** اور **جہنّمی** ہیں۔!

بانی احرار مؤسس تحریک تحفظ ختم نبوت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رح

**ختمِ نبوّت** کے معنٰی یہ ہیں کہ کوئی شخص بعد اِسلام اگر یہ دعوٰی کرے کہ مجھے الہام وغیرہ ہوتا ہے اور میری جماعت میں داخل نہ ہونے والا کافر ہے، تو وہ شخص کاذب ہے اور واجب القتل۔ مُسیلمہ کذّاب کو اسی بنا پر قتل کیا گیا۔ حالانکہ وہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا مُصدّق تھا اور اُس کی اذان میں حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق تھی۔

علامہ اقبالؒ
انوارِ اقبال ص: ۴۵

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کے جریدے میں شائع ہونے والی اپیل

# ایران کی جیل میں اہلِ سنّت عالمِ دین

# مفتی احمد زادہ پر کیا گذر رہی ہے؟

مقدمة من اعتقل فى تلك الاثناء ، المجاهد الكبير الاستاذ أحمد وقع عليه من الظلم ما يندى ذكره مرارات المظالم ، لا لذنب إلا الاصلاح والخير ، فاعتقلوه ظلماً ، وحكموا عليه بالسجن خمس

دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنو بھارت )

ماہنامہ "البعث الاسلامی (عربی) شمارہ 34 محرم الحرام 1410 ھجری مطابق اگست 1989

ایران میں مسلمانان اہل السنتہ کی اپیل

ہمارے ادارے کو ایرانی مسلمانان اہل السنتہ کی طرف سے بھیجی گئی یہ اپیل بغرض اشاعت موصول ہوئی ہے تاکہ ہمارے ماہنامہ کے توسط سے مسلمانان عالم کو ایران میں ہونے والے واقعات اور حالات کے بارے میں صحیح معلومات حاصل کرنے کا موقع فراہم ہو سکے

اللہ ہی حق کی راہنمائی کرنے والا اور سید ھا راستہ دکھانے والا ہے ۔۔۔۔۔۔ ایڈیٹر )

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین وعلی آلہ و صحبہ اجمعین

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کا ارشاد ہے مسلمان مسلمان کا بھائی ہے نہ اس پر خود ظلم کرتا ہے نہ اس کی مدد سے ہاتھ کھینچتا ہے جو اپنے بھائی کی حاجت روائی کرتا ہے اللہ اس کی حاجت روائی کرتا ہے

دنیا کے چار جہت میں بسنے والے سچے مسلمانو

گزشتہ کئی برس پہلے آپ تک ایسی خبریں پہنچی ہوں گی جن میں ایران میں اہل سنت کے خلاف

کی جانے والی زیادتی اور مظالم کا حال معلوم ہوا ہوا انہی زیادتیوں میں امہات المومنین رضوان اللہ تعالیٰ علیھن اجمعین کے خلاف بد کلامی سابقین الاولین مہاجر اور انصار محترم شخصیات کے خلاف سرکاری ذرائع ابلاغ اور نشر واشاعت کے ذریعہ اتہامات کی بھرمار اور کتاب اللہ اور سنت رسولؐ پر عمل پیرا شہریوں کو ظلم و زیادتی کا نشانہ بنانا مخلص باایمان افراد کو ہراساں کرنا انہیں دربدر کرنا قید و بند کی صعوبتوں سے گزارنا اور ہر طرح کی ذلت ور سوائی سے دوچار کرنا شامل ہے

یہ سب کارروائیاں ان اہل سنتہ شہریوں کے خلاف بطور مہم جاری ہیں جن کے متعلق دوست دشمن سب اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ انقلاب ایران کی تائید و حمایت میں وہ دوسرے ایرانیوں سے کبھی بھی پیچھے نہیں رہے بلکہ یوں سمجھئے کہ انقلاب کے سرگرم دامیون میں وہ ہمیشہ پیش پیش رہے

© rasailojaraid.com